جوشؔ ملیح آبادی

(1982 – 1898)

شبیر حسن خاں نام، جوشؔ تخلص تھا۔ بشیر احمد خاں کے بیٹے اور فقیر محمد خاں گویاؔ کے پوتے تھے۔ ملیح آباد میں پیدا ہوئے۔ ابتدا میں عزیزؔ لکھنوی سے اصلاح لی۔ شاعری کے ساتھ نثر میں بھی قدرت حاصل تھی۔ دارالترّجمہ جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد میں ملازم ہوئے۔ فلمی گیتوں کے سلسلے میں پونہ اور ممبئی میں مقیم رہے۔ آزادیِ ہند کے بعد حکومتِ ہند کے رسالہ ’آجکل‘ کے ایڈیٹر مقرّر ہوئے۔ شاعری کا آغاز، غزل سے کیا لیکن شہرت نظم گو شاعر کی حیثیت سے ملی۔ جوشؔ فطری، رومانی اور سیاسی نظمیں لکھنے پر یکساں قدرت رکھتے تھے۔ وہ قوم پرستی، قومی یکجہتی، حُبِّ وطن اور آزادیِ رائے کے حامی تھے۔ انھیں الفاظ کے استعمال پر غیر معمولی قدرت حاصل تھی۔ ’روحِ ادب‘، ’سرود وخروش‘، ’نقش ونگار‘، ’رامش ورنگ‘، ’شعلہ وشبنم‘، ’حرف وحکایت‘، ’سموم وصبا‘، ’جنونِ حکمت‘، ’فکر ونشاط‘، ’سنبل وسلاسل‘، ’سیف وسبو‘، ’شاعر کی راتیں‘، ’آیات ونغمات‘ وغیرہ مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

جوشؔ کو شاعرِ فطرت، شاعرِ انقلاب اور شاعرِ شباب کہا گیا ہے۔ اُن کی نظمیں جوش وجذبے سے پُر ہیں۔

4920CH29

© NCERT not to be republished

4920CH30

بدلی کا چاند

خورشید وہ دیکھو ڈوب گیا، ظُلمت کا نِشاں لہرانے لگا
مہتاب وہ ہلکے بادل سے چاندی کے ورق برسانے لگا
وہ سانولے پن پر مَیداں کے ہلکی سی سیاہی دَوڑ گئی
تھوڑا سا اُبھر کر بادل سے، وہ چاند جبیں جھلکانے لگا
لو ڈوُب گیا پھر بادل میں، بادل میں وہ خط سے دوڑ گئے
لو پھر وہ گھٹائیں چاک ہوئیں، ظُلمت کا قدم تھرّانے لگا
بادل میں چُھپا تو کھول دیے ہیں دل میں دریچے ہیرے کے
گردوں میں جوآیا تو گردوں دریا کی طرح لہرانے لگا
سمٹی جو گھٹا تاریکی میں، چاندی کے سفینے لے کے چلا
سنکی جو ہوا، تو بادل کے گرداب میں غوطے کھانے لگا
غُرفوں سے جو جھانکا گردوں کے، امواج کی نبضیں تیز ہوئیں
حلقوں سے جو دَوڑا بادل کے، کُہسار کا سر چکرانے لگا
پردہ جو اُٹھایا بادل کا، دریا پہ تبسّم دَوڑ گیا
چلمن جو گرائی بدلی کی، مَیدان کا دِل گھبرانے لگا
اُبھرا تو تجلّی دَوڑ گئی، ڈوُبا تو فلک بے نوُر ہُوا
اُلجھا تو سیاہی دَوڑادی، سُلجھا تو ضیا برسانے لگا
کیا کاوشِ نوروظُلمت ہے؟ کیا قید ہے؟ کیا آزادی ہے
اِنساں کی تڑپتی فِطرت کا مفہوم سمجھ میں آنے لگا

جوشؔ ملیح آبادی

© NCERT not to be republished

سوالوں کے جواب لکھیے

1. اس نظم میں 'بدلی کا چاند' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
2. اس نظم میں شاعر نے زندگی کا کیا فلسفہ بیان کیا ہے؟
3. اس نظم سے آپ اپنے تین پسندیدہ شعر لکھیے۔

© NCERT not to be republished